بہترین و نرالا ڈرامہ

# कातिल

# قاتل کے گانے

ستارے

صبیحہ۔ مسرت نذیر۔ سنتوش وغیرہ وغیرہ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

# گانے

## قاتل کے

گانا نمبر ۱:

واہ رے بدلتے زمانے
کبھی چھکا کبھی تین کانے
دیکھ بھال کے داؤ لگانا ۔ چال بھول کر مات نہ کھانا
سن رے کھلاڑی پرانے ۔۔۔ کبھی چھکا ۔۔۔
ہار جیت کی ریت پرانی ۔ ایک داؤ پر جائے جوانی
ظالم کسی کو نہ مانے ۔۔۔ کبھی چھکا ۔۔۔
دیکھ پریت کا کھیل نرالا ۔ کبھی جیت جائے کھلنے والا
اور گائے گیت سہانے ۔ کبھی چھکا ۔۔۔

گانا نمبر ۲:۔ او مینا ۔ او مینا
نہ جانے کیا ہو گیا ۔ کہاں دل کھو گیا
او مینا ۔ او مینا
تبسموں سے ہیں مل گئے نغموں کے پھول کھل گئے
چپکے سے میرے دل کے تار ہل گئے
چوٹ پڑی ہے جو میں سہہ نہ سکوں
نہ جانے کیا ہو گیا ۔۔۔
او مینا ۔ او مینا
جب سے ہوا ہے سامنا دل کو پڑا ہے تھامنا
پوچھے کوئی تو لوں گی اُن کا نام نہ

لاج کی ماری کچھ کہہ نہ سکوں
نہ جانے کیا ہوگیا ——
او مینا - او مینا
جی کا قرار کھو گیا اِن پہ نثار ہوگیا
ملتے ہی میں اُن سے پیار ہوگیا
دُور میں اُن سے اب رہ نہ سکوں
نہ جانے کیا ہوگیا ——
او مینا - او مینا

نمبر ۳ کورس

دِل کی یہ آواز ہے ، جی پیار ہونا چاہیئے
دِل بھی ہو دولت بھی ہو پھر پیار ہونا چاہیئے
زندگی اُلفت سے ہے اُلفت نہیں تو کچھ نہیں
جہاں دولت سے ہے دولت نہیں تو کچھ نہیں
کچھ نہیں دِل میں اگر چاہت نہیں تو کچھ نہیں
فیصلہ اِس کا مرے دِلدار ہونا چاہیئے
دیکھئے میری نظر چلتی ہوئی تلوار ہے
اُس طرف ہر چیز ہے اور اِس طرف اک پیار ہے
جیب ہو خالی اگر جینا یہاں بےکار ہے
آپ کو مجھ پر فِدا ہو بار ہونا چاہیئے
ہے دُعا دولت مری جو حُسن کی سوغات ہے
دِن ہے آرام ہے عشرت بھی میرے ساتھ ہے

چار دن کی چاندنی اور پھر اندھیری رات ہے
عشق کو اِس خواب سے بیدار ہونا چاہیئے

گانا نمبر ۲

لے کے پیار کا پیام سانولی سلونی شام
آگئی ہے، تو بھی آ

جاگ اٹھی ہے دل کی پیاس، مجھ سے پہلے تیری آس
آگئی، تو بھی آ

آ بھی جا کہ دونوں وقت مل کے جھومنے لگے
دل کے سائے شام کے لبوں کو چومنے لگے
اس خوشی کے ساتھ ساتھ آرزوؤں کی برات
آگئی، تو بھی آ

ٹھنڈی ٹھنڈی آنچ ہے سنسنی ہوا بھی ہے
دیکھ میرے گیسوؤں کی ریشمی گھٹا بھی ہے
جھومنے لگا ہے پیار حسن پر نئی بہار
آگئی، تو بھی آ

لے کے پیار کا پیام سانولی سلونی شام
آگئی، تو بھی آ

گانا نمبر ۳

دل کے ارمان ہے، غم پہ غم آ پڑے
بے سہارا ہوئے تیری دنیا سے ہم
ٹھنڈی آہیں بھریں، تو ہی بتلا ہمیں

کب تلک ہم سہیں آسماں کے ستم
ہم نے دنیا میں آرام پایا نہیں
سر چھپانے کہاں کوئی سایہ نہیں
بجھ گئی بے کسی لٹ گئی زندگی
لاکھ ٹھوکر لگی جب چلے دو قدم
آرزوؤں کا سارا جہاں جل گیا
آنکھ جھپکی تو بھی آشیاں جل گیا
اٹھ رہا ہے دھواں آ گئے ہم وہاں
دل کے ارمان لئے

---

گانا نمبر ٦

آنے جو نہ بار بار کیسے تمہیں بھلائیں ہم
جس میں تمہارا غم نہ ہو دل وہ کہاں سے لائیں ہم
ایک خوشی کے واسطے لٹ گئیں لاکھ حسرتیں
سوچ رہے ہیں دیر سے رو دیں کہ مسکرائیں ہم
تیرے لئے منزلیں اور بھی دور ہو گئیں
تجھ سے بچھڑ کے پھر تجھے دینے لگے صدائیں ہم
اتنا اگر یقین ہو لوٹ کے آسکو گے تم
دل کے بجھے چراغ کو آنسوؤں سے جلائیں ہم

گانا نمبر ٧

ٹوٹتی ہیں جہاں بجلیاں دمبدم
تیرا انصاف ہے آج داتا کہاں

پھول مانگیں تو ملتے ہیں کانٹے یہاں
ہم نے کی التجا تو نے ٹھکرا دیا
خوب ہم پر کیا تو نے اپنا کرم

گانا نمبر ۸

اُلفت کی نئی منزل کو چلا تو بانہیں ڈال کے بانہوں میں
دِل توڑنے والے دیکھ کے چل
ہم بھی تو پڑے ہیں راہوں میں
کیا کیا نہ جفائیں دِل پہ سہیں پر تم سے کوئی شکوہ نہ کیا
اس جرم کو بھی شامل کر لو
میرے معصوم گناہوں میں
جب چاندنی راتوں میں تو نے
خود ہم سے کیا اقرارِ وفا
پھر آج ہیں کیوں ہم بیگانے
تیری بے رحم نگاہوں میں
ہم بھی ہیں وہی تم بھی ہو وہی
یہ اپنی اپنی قسمت ہے
تم کھیل رہے ہو خوشیوں سے
ہم ڈوب گئے ہیں آہوں میں

ختم شُد

# ایک ہزار روپے کی گھڑیاں مفت انعام



## اصلی بال کالا تیل نمبر ۱۰ سب سے بڑھیا

ہمارے مشہور بال کالا تیل کے استعمال سے سفید بال۔ کالے ہو جاتے ہیں اور پھر کالے ہی پیدا ہوتے ہیں۔ یہ بے نظیر سینا کی تحفہ ہے سوائے ہمارے دوسری جگہ نہ ملے گا گرتے ہوئے بالوں کو روکتا ہے۔ بالوں کو لمبا گھنگھر والے اور چمکدار بناتا ہے گنجہ پن دور کرتا آنکھوں اور دماغ کو طاقت دیتا ہے یادداشت بڑھاتا ہے بہت خوشبودار ہے قیمت ہر ایک شیشی صرف ایک روپیہ بارہ آنے ڈاک خرچ ایک روپیہ دو آنے الگ تین شیشی کی رعایتی قیمت پانچ روپے

اس تیل کو مشہور کرنے کیلئے ہر ایک شیشی کے ساتھ دو نفیس رسٹ واچ اور دو انگوٹھی سوانلدن نیو گولڈ مفت بطور انعام بھیجی جاتی ہیں مال پسند نہ ہونے پر قیمت واپس کیا جاتا ہے تین شیشی کے خریدار کو ڈاک خرچ معاف اور چھ گھڑیاں اور چھ انگوٹھیاں سوانلدن نیو گولڈ مفت انعام۔ جلدی کیجئے ورنہ ایسا موقعہ پھر ہاتھ نہ آئے گا

ہماری مشہور دوائی اصلی جوہر حسن کو لگانے سے ہر جگہ کے بال بغیر تکلیف کے دور ہو جاتے ہیں اور پھر دوبارہ اس جگہ بال پیدا نہیں ہوتے جگہ ریشم کی طرح ملائم نرم اور صاف ہو جاتی ہے قیمت ہر ایک شیشی صرف ایک روپیہ بارہ آنے ڈاک خرچ ایک روپیہ الگ تین شیشی کی رعایتی قیمت پانچ روپیہ اس دوائی کو مشہور کرنے کیلئے ہر شیشی کیساتھ دو انگوٹھی سوانلدن نیو گولڈ اور دو خوبصورت نفیس رسٹ واچ بطور انعام مفت بھیجی جاتی ہیں۔ جلدی فائدہ حاصل کریں مال پسند نہ ہونے پر قیمت واپس کیا جاتا ہے تین شیشی کے خریدار کیلئے ڈاک خرچ معاف [illegible] اور چھ [illegible] دو انگوٹھیاں سوانلدن نیو گولڈ مفت انعام دی جاتی ہے

## کالے گورے ہو گئے

اگر آپ اپنے چہرہ یا جسم کا رنگ کالے سے گورا کرنا چاہتے ہیں اور منہ کے داغ دھبے کیل مہاسے چھائیاں، جھریاں، بے رونقی خشکی وغیرہ کو دور کر کے چہرہ گلاب کی طرح نرم چمکدار اور خوبصورت بنانا چاہتے ہیں تو ہمارا تیار کیا ہوا لندن بیوٹی لوشن استعمال کریں اس سے آپ کے جسم اور چہرے کا رنگ کالے سے گورا ہو جائیگا یہ لوشن عورتوں اور مردوں سب کو خوش کرنے والا تحفہ ہے۔ قیمت ہر ایک شیشی ایک روپیہ چودہ آنے ہے تین شیشیوں کی قیمت پانچ روپے ڈاک خرچ ایک سے تین شیشی تک پیکنگ روپیہ الگ اس دوا کو مشہور کرنے کیلئے ہر شیشی کے ساتھ دو نفیس رسٹ واچ اور دو انگوٹھی سوانلدن نیو گولڈ مفت بطور انعام بھیجی جاتی ہیں مال پسند نہ ہو تو دام واپس کیا جاتا ہے جلدی کریں ورنہ ایسا موقعہ پھر نہ ملیگا

**لندن ٹریڈنگ ایجنسی آر۔ ڈی جالندھر سٹی**

# جو مانگو گے ملیگا

## ایک ہزار روپے انعام

اب آپ کسی طرف سے مایوس نہ ہوں آپکے سب کام پورے ہو جائینگے گرہن اور شبھ مہورت میں تیار کی ہوئی اس تانترک انگوٹھی کو انگلی میں پہن کر آپ جس سنگدل عورت یا مرد کا نام لیں گے وہ دیکھتے ہی دیکھتے فوراً بس میں ہو جائیگا اس کی زیادہ تعریف کرنا سورج کو چراغ دکھانا ہے آپ جسے چاہتے ہیں وہ جہاں کہیں بھی ہو، سات سمندر پھاند سات تالے توڑ کر آپکے قدموں میں حاضر ہوگا کٹھورتا اور دشمنی کو چھوڑ کر آپکے حکم کی تعمیل کریگا دلپسند سگائی، شادی ہوگی خوبصورت عورت ملیگی۔ مردہ روحوں سے بات چیت ہوگی، زمین میں گڑی ہوئی دولت خواب میں نظر آئے گی مقدمہ میں جیت ہوگی، امتحان میں پاس ہونگے، بیوپار میں لابھ ہوگا، اور تمام ناقص گرہ شانت ہونگے، بدقسمتی دور ہوگی، خوش قسمت بن جائینگے زندگی سکھ شانتی سے بیتے گی۔ تانترک انگوٹھی ۱/۱۵ اسپیشل تین روپیہ اسپیشل پاورفل تین روپیہ پندرہ آنے جس کا ۲۴ گھنٹہ میں فوراً اثر ہوتا ہے سورج مشرق کے بجائے مغرب سے نکل سکتا ہے لیکن اس تانترک انگوٹھی کا اثر کبھی خالی نہیں جاتا ٹھیک نہ ہونے پر واپسی کی گارنٹی ہے، غلط ثابت کرنے والے کو ایک ہزار روپے نقد انعام۔

رام پرشاد اٹاوہ، موہن لال کاشی پور سے لکھتے ہیں کہ راج جیوتشی پنڈت دیودت شاستری تانترک آچاریہ جالندھر سٹی سے منگائی ہوئی تانترک انگوٹھی سے میرا کام پورا ہوا جو بیشمار کوششوں سے نہ ہو سکا تھا اس طرح بہت سے تعریفی خطوط آئے ہیں اور سینکڑوں سرٹیفکیٹ موجود ہیں ایکبار آپ بھی آزمائش کریں۔

**راج جیوتشی پنڈت دیودت شاستری تانترک آچاریہ آر۔ ڈی**

**جالندھر سٹی**